ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (334)

18-06-2023

# ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او سید محمد عباس۔

بہاول پور( ) تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے ۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے ، چھتوں پر بھی پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی ۔ بعد ازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی ۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہیں

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر مامور پولیس افسران و اہلکار الرٹ ہو کر ڈیوٹی دیتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(335)

مورخہ18.06.2023

**بہاولپور ( )ڈی پی اوسید محمد عباس کے پریکٹیکل پولیسنگ کے حوالے سے احکامات، تھانہ سٹی حاصلپور کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی،02ملزمان سے 1600 گرام چرس برآمد، ملزمان گرفتار۔جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انور کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس پریکٹیکل ورک پر زور دیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی کے احکامات جاری کیے،اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02ملزمان محمد عمران اور معین الدین کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1600 گرام چرس برآمد کر لی۔سٹی حاصلپور پولیس نے علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات فروشی جیسے گھنانے کاروبار کو ہرصورت بہاولپور سے ختم کر کے دم لیں گے تا کہ نوجوان نسل کو تباہی سے بچایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی ایسی مزید کارروائیاں کی جا کر جرائم پیشہ افراد کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی، 1600 گرام چرس سمیت 02ملزمان گرفتار